رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

حضرت علامہ مفتی محب اللہ نوری صاحب نے اوکاڑہ (بصیر پور شریف) سے القلم پبلی کیشنز لاہور کی شائع کردہ کتاب فتاوی نوریہ ایک تقابلی مطالعہ ارسال کی ہے جو علامہ محمد الیاس اعظمی کی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں حضرت فقیہ اعظم بصیر پوری مولانا محمد نور اللہ نعیمی قدس سرہ العزیز کے فتاوی کا دیگر کتب فقہ وفتاوی سے موازنہ اور تقابل کیا گیا ہے۔ ساڑھے چار سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب فتاوی نوریہ کا ایک جامع تعارف ہے؟ اللہ تبارک وتعالیٰ محقق کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

لاہور سے ہمارے بزرگ دعا گو وکرم فرما علامہ صاحبزادہ اقبال احمد فاروقی دامت برکاتہم نے انڈیا سے شائع ہونے والی ایک خوبصورت کتاب کا تحفہ ارسال کیا ہے اور یہ ہے فتاوی ملک العلماء جو حضرت علامہ مفتی شاہ محمد ظفر الدین قادری بہاری کے فتاوی کا مجموعہ ہے۔ یہ فتاوی ایک بارعب اور باوقار جلد میں بریلی شریف انڈیا سے شائع ہوا ہے۔ بڑے سائز کے پانچ سو سے زاید صفحات پر مشتمل یہ کتاب کتب فتاوی میں ایک خوبصورت اضافہ ہے۔ اور یہ کار خیر جناب صاحبزادہ اقبال احمد فاروقی صاحب کی ترغیب وتشویق اور جناب ڈاکٹر طارق مختار صاحب کی کوشش ومحنت کے نتیجہ میں ظہور پذیر ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اور مرتبین کی مساعی کو شرف قبول عطا فرمائے (آمین)

القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ سے جناب مولانا عبدالقیوم حقانی کی کتاب۔ ماہتاب نبوت کی ضو افشانیاں۔ موصول ہوئی ہے۔ دو سو دس صفحات پر مشتمل یہ کتاب دراصل شمائل ترمذی کی ساٹھ احادیث مبارکہ کی تشریح وتوضیح پر مشتمل ہے۔ کتاب کے عنوانات میں سرفہرست نعلین رسول اکرم ﷺ سے تبرک حاصل کرنے کا جامع اور مفصل بیان ہے۔ دیگر عنوانات بھی رسول مقبول ﷺ کے آثار مبارکہ سے تبرک حاصل کرنے ہی سے متعلق ہیں اور ان میں حضور ﷺ کے زیر استعمال اشیاء اور آپ کی نشست و برخاست کے انداز کا ذکر خیر ہے۔

جناب رفیق شاہ صاحب سابق رفیق انجمن طلبہ اسلام نے دو کتابیں تحفہ میں ارسال کی ہیں، ایک تو۔ بدعت کا مطالعہ۔ ہے اور دوسری کا نام ہے۔ اسلام انٹرنیٹ پر۔ دونوں کتابیں نوجوان قلم کار کی عمدہ اور خوبصورت کاوش ہیں۔ سید رفیق شاہ صاحب کا موبائل نمبر 0300-2114508 کتاب پر درج ہے جو ان سے کتاب طلب کرنے کا آسان ذریعہ ہے۔

دارالعلوم نعیمیہ کراچی کے سابق ناظم واستاذ جناب حافظ علامہ محمد ابراہیم فیضی صاحب نے جب سے مکتبہ فیض القرآن کھولا ہے کچھ فیاضی کی جانب مائل ہوئے ہیں، چنانچہ انہوں نے پہلی بار چند کتب کا تحفہ عنایت کیا ہے، جن میں ان کے ادارہ کا شائع کردہ ذالک الکتاب کا ایک نسخہ سرفہرست ہے۔ علاوہ ازیں پروفیسر ڈاکٹر علامہ غلام عباس قادری کی تصنیف۔ تاریخ انبیائے کرام۔، جو ساڑھے چارسوصفحات پر مشتمل ہے ، اس کے ساتھ ساتھ سعودی/شامی عالم پروفیسر محمد علی صابونی کی۔ التبیان فی علوم القرآن ۔ کا اردو ترجمہ (جو مولانا ابراہیم فیضی نے خود کیا ہے) تین سوصفحات پر مشتمل ہے، القلم پبلشرز کی شائع کردہ ایک کتاب تعلیمات نبوی اور آج کے زندہ مسائل مؤلفہ سید عزیز الرحمٰن صاحب، جو چارسوصفحات پر مشتمل ہے، یہ سب مولانا فیضی نے بنفس نفیس ہمیں عنایت فرمائی ہیں ۔ اور مکتبہ فیض القرآن پر ہمہ وقت دستیاب ہیں ۔فجزاهم الله احسن الجزاء..................

اولڈھم، انگلینڈ سے ہمارے کرم فرما قاری محمد راسب صاحب نے عربی زبان میں لکھی گئی ایک عرب عالم کی ایک شاندار کتاب تحفہ میں ارسال کی ہے، جو رفاعی سلسلہ کے بزرگ محدث ،امام محمد الرواس (م ۱۲۸۷ھ) کی ۔طی السجل ۔ ہے۔اس کتاب پر حسن عبدالحکیم عبدالباسط صاحب نے تحقیق وتعلیق فرمائی ہے۔ اوردر البشائر دمشق نے اسے نفیس جلد میں شائع کیا ہے۔۵۳۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب (طي السجل) عقائد ومعمولات اہل سنت کا ایک بہترین مجموعہ ہے۔اس کتاب کا اردو ترجمہ ہوجائے اور مکتبہ فیض القرآن کے فیض سے فیضی صاحب ہی کردیں تو کیا عمدہ بات ہو۔

اللہ رب العزت مرسلین کو ان عمدہ واعلیٰ تحفوں کے ارسال وعطا فرمانے پر اجر جزیل عطا فرمائے ۔(آمین)

روضات

شریعت وطریقت کے موضوع پر

حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی کی ایک فارسی تحریر کا اردو ترجمہ

مترجم مولوی ثناءاللہ ندوی — باہتمام شاہ انجم بخاری

۹۶ صفحات خوبصورت طباعت — ہدیہ صرف ۲۰ روپے کے ڈاک ٹکٹ

شائع کردہ مجلس شیخ عبدالحق محدث دہلوی حیدرآباد سندھ

ملنے کا پتہ ۵۵۶ امانی شاہ کالونی یونٹ نمبر ۱۱ لطیف آباد حیدرآباد سندھ